حسینیہ امام خمینی (رہ) میں سید الشہداء حضرت امام حسین (ع) کی مجلس عزا کا انعقاد - 18 /Jan/ 2008

شب عاشور کی مناسبت اور سید الشہداء حضرت امام حسین (ع) اور انکے بہتر باوفا ساتھیوں کی عظیم قربانی کی یاد میں حسینیہ امام خمینی (رہ) میں نماز مغرب و عشاء حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی امامت میں ادا کرنے کے بعد مجلس عزا منعقد ہوئیـ

اس مجلس میں اعلی عہدیداروں اور عوام کے مختلف طبقات نے شرکت کی ، مجلس میں ذاکرین اور خطباء نے حضرت امام حسین (ع) کے قیام اور عاشور کی تحریک کے مختلف پہلوؤں کےبارے میں حاضرین کو آگاہ کیاـ

مجالس کا پروگرام 7 محرم الحرام سے لیکر گیارہ محر م الحرام تک جاری رہے گاـ